## 14224 ـ دوران خطبہ نماز ادا کرنا

**سوال**

اگر کوئی شخص جمعہ کے دن دو رکعت نماز ادا کر رہا ہو اور امام آجائے تو کیا وہ نماز ختم کر دے یا نہیں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

اللہ اعلم مجھے تو ظاہر یہی ہوتا ہے کہ: اگر آپ ایک رکعت ادا کر چکے ہوں تو آپ تحفیف کرتے ہوئے نماز کو مکمل کریں؛ کیونکہ ابو ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ کی حدیث ہے کہ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

" جس نے نماز کی ایک رکعت پالی تو اس نے نماز کو پا لیا "

متفق علیہ.

لیکن اگر آپ نے نماز شروع ہی کی ہو اور رکعت مکمل ہونے سے قبل خطبہ جمعہ شروع ہو جائے تو آپ نماز ختم کر کے خطبہ سنیں کیونکہ خطبہ سننا واجب ہے.

نوٹ: ( تحیۃ المسجد ادا کی جائیگی چاہے خطبہ ہو رہا ہو )